نقد و تبصرہ

(ر۔ ا۔ ج)

انتظام کتب خانہ

ریاست حیدرآباد دکن کے شیخ محبوب قریشی جلد سازی کے فن میں یکتا ہے، پورے برصغیر میں ان کا کوئی حریف نہیں تھا۔ سرکاری کتب خانوں اور امراء کے کتب خانوں میں ان کی مجلّد کتابوں کی بے انتہا مانگ تھی۔ تقسیم ہند کے بعد شیخ صاحب پاکستان تشریف لے آئے اور کراچی میں "محبوبیہ کارخانۂ جلد سازی" (حیدرآباد کالونی میں) کے نام سے اپنا کارخانہ قائم کر دیا۔ شیخ صاحب کسی تعارف کے محتاج نہ تھے یہاں بھی ماشاءاللہ ان کا کام خوب چمکا۔

اب شیخ صاحب نے اپنے طویل تجربے کو ضبط تحریر میں لاکر ایک بہت بڑا کارنامہ انجام دیا ہے۔ "کتب خانے کی ترتیب و تنظیم اور کتابوں کی فن واری تقسیم سے متعلق فنی معلومات کا یہ مجموعہ" بڑی محنت اور عرق ریزی سے مرتب کر کے موصوف نے شائع کیا ہے۔ جو لوگ ذاتی کتب خانے رکھتے ہیں یا انتظام کتب خانہ کے فن سے دلچسپی رکھتے ہیں، ان کے لیے یہ کتاب ایک بہت بڑی نعمت ہے۔ اس میں انتظام کتب خانہ سے متعلق تمام ضروری اور اہم مواد آگیا ہے۔ چند عنوانات یہ ہیں:

۱۔ کتب خانوں کا تاریخی پس منظر

۲۔ کتب خانے کی عمارت

۳۔ کتب خانے کے شعبے

۴۔ کتابوں کی خریداری